B.Ed/II Sem/BBED221DST /May 2017

مئی 2017	B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر	II Semester دوسرا سمسٹر

پرچہ : تدریسیات اردو

Paper - BBED221DST : Pedagogy of a School Subject (MOT-II) Part-II (Urdu)

گھنٹے **3 Hrs** : وقت : Time — Maximum. Marks **70 :** جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختصر ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) خواجہ حیدر علی آتش کا تعلق اردو کے کس دبستانِ شاعری سے ہے۔

(ii) کس ریاست کی پہلی سرکاری زبان اردو ہے۔

(iii) کس تعلیمی کمیشن نے سب سے پہلے اساتذہ کی سبکدوشی کی عمر ساٹھ(60) سال کرنے کی سفارش کی تھی؟

(iv) انجمن ترقی اردو ہند کا صدر دفتر کس شہر میں واقع ہے؟

(v) آئین کے کس دفعہ کے تحت اقلیتوں کو اپنی پسند کے تعلیمی ادارے قائم کرنے کا حق دیا گیا ہے؟

(vi) NCERT کے علاقائی تعلیمی اداروں(RIE) کی تعداد کتنی ہے

(vii) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی
بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے۔

(viii) خطبات احمدیہ کے مصنف کا نام بتائیے۔

(ix) ''ایک چادر میلی سی'' کس کی تصنیف ہے؟

(x) خرد تدریس (Microteaching) کے عمل میں مکرر تدریس Re-teach کے بعد کے عمل کو کیا کہتے ہیں؟

حصہ دوم

2. تدریس نظم کے لیے آپ کون سا طریقہ سب سے بہتر سمجھتے ہیں اور کیوں؟ وضاحت کیجیے۔
3. معلم اردو کے خصوصی اوصاف سے بحث کیجیے۔

P.T.O.

4. یونٹ پلان اور منصوبہ سبق (Lesson Plan) میں فرق واضح کیجیے۔
5. موثر تدریس میں TLM کے رول سے بحث کرتے ہوئے مثالیں پیش کیجیے۔
6. درس و تدریس کے عمل میں ہم نصابی سرگرمیوں کی ضرورت اور افادیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔
7. اردو زبان و ادب کی ترقی میں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے رول پر روشنی ڈالیے۔
8. پیمائش اور جانچ میں فرق واضح کرتے ہوئے اکتسابی عمل میں اس کی افادیت بتائیے۔
9. درسی کتاب کی ظاہری اور باطنی خوبیوں پر وضاحتی نوٹ لکھیے۔

حصہ سوم

10. ایک معیاری جانچ کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے اس میں استعمال ہونے والی تکنیکیں اور آلات کی تفصیل بیان کیجیے۔
11. موجودہ امتحانی نظام کی خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے امتحانات کو معیاری اور شفاف بنانے کی حکمت عملی پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
12. مختلف مراحل کا استعمال کرتے ہوئے آٹھویں درجے کے لیے نثر کی تدریس کا منصوبہ سبق تیار کیجیے۔
13. ہم نصابی سرگرمیوں کے مختلف اقسام بناتے ہوئے ان ہم نصابی سرگرمیوں کی تفصیل بتائیے جو اردو زبان و ادب کے فروغ میں مدد و معاون ثابت ہوتی ہیں۔
14. نصاب سے آپ کیا سمجھتے ہیں تدوین نصاب کے جدید اصولوں کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔